© rasailojaraid.com



# مقام التراث

اونچا ہے سب کے دل میں مقام التراث کا
سب کی زبان پہ جاری ہے نام التراث کا

توحید کا چراغ لئے ضوفشاں ہے یہ
دیتا ہے یوں منادی پیام التراث کا

قرآن اور حدیث کا دریا ہے موجزن
سارے جہاں میں فیض ہے عام التراث کا

مضمون بہترین ، طباعت بھی دلنشین
کرتا ہے گھر دلوں میں کلام التراث کا

شوق مطالعہ کو بڑھاتا ہے ہر ورق
شک ہو تو پی کے دیکھئے جام التراث کا

اپنوں سے ہے خفا نہ ہے اغیار سے گلہ
گویا ہے بہترین نظام التراث کا

کر تو حنیف شوق سے اس کا مطالعہ
تا ہو تجھے بھی نیل مرام التراث کا

محمد حنیف ہائی سکول چھلو

© rasailojaraid.com